

# نیو یارک شہر

# سمندری طوفان (ہری کین) کے انخلائی زون کا نقشہ



APPROVED Ready U.S. Department of Homeland Security

NYCEM New York City Emergency Management

یہ گائیڈ آڈیو فارمیٹ میں اور درج ذیل زبانوں میں دستیاب ہے۔

**ARABIC**
للحصول على نسخة من هذا الدليل باللغة الانجليزية أتصل بالرقم 311 (معوقي السمع: 212-504-4115) أو قم بزيارة NYC.gov/readyny

**BENGALI**
এই সহায়িকার একটি বাংলা প্রতিলিপি পেতে হলে, 311 (TTY: 212-504-4115) নম্বরে ফোন করুন অথবা NYC.gov/readyny দেখুন।

**CHINESE**
如欲索取中文版的指南，請致電 311 (TTY: 212-504-4115) 或訪問 NYC.gov/readyny。

**ENGLISH**
Call 311 or visit NYC.gov/readyny for copies of this guide in English.

**FRENCH**
Pour obtenir une copie en français de ce guide, appelez le 311 (TTY: 212-504-4115) ou visitez le site NYC.gov/readyny.

**HAITIAN CREOLE**
Pou jwenn yon kopi gid sa a nan lang Kreyòl Ayisyen, rele 311 (TTY: 212-504-4115) oswa ale nan sitwè NYC.gov/readyny.

**ITALIAN**
Per ottenere una copia di questa guida in italiano, telefonare al numero 311 (TTY: 212-504-4115) o visitare il sito NYC.gov/readyny.

**KOREAN**
본 안내서의 한국어 사본을 받으시려면, 311(TTY: 212-504-4115)번으로 전화하시거나 NYC.gov/readyny를 방문하십시오.

**POLISH**
W celu otrzymania polskiej kopii niniejszego przewodnika, należy zadzwonić pod nr 311 (nr dla osób z upośledzeniem słuchu: 212-504-4115) lub zajrzeć na stronę internetową NYC.gov/readyny.

**RUSSIAN**
Для того чтобы получить копии данной брошюры на русском языке, позвоните по телефону 311 (TTY: 212-504-4115) или посетите веб-сайт NYC.gov/readyny.

**SPANISH**
Llame al 311 (TTY: 212-504-4115) o visite NYC.gov/readyny para obtener acceso a este folleto en español.

**URDU**
اس ہدایت نامے کی انگریزی کاپی حاصل کریں، 311 (TTY: 212-504-4115) پر کال کریں یا NYC.gov/readyny دیکھیں۔

**YIDDISH**
צו ערהאלטן א אידישע קאפיע פון אנווייזונג בלעטל, רופט 311 (TTY: 212-504-4115) אדער באזוכט NYC.gov/readyny.

# اپنا زون جانیں

ساحلی طوفان، بشمول نوریسٹرز، ٹراپیکل طوفان اور سمندری طوفان، نیو یارک شہر کو متاثر کرتے ہیں اور کر سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ نیویارک کے لوگ تیاری کے لیے وقت نکالیں۔ تمام رہائشیوں کے پاس اس صورت میں ایک منصوبہ ہونا چاہیے جب انہیں گھر سے باہر نکلنے یا طوفان سے باہر نکلنے کی ضرورت ہو۔

شہر کے وہ علاقے جنہیں طوفانی سیلاب کا خطرہ لاحق ہے، ان کو چھ انخلائی زوننز(1 سے 6 تک) میں اس بنیاد پرتقسم کیا گیا ہے کہ ان کے خالی ہونے کے کتنے امکانات ہوں گے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اپنے انخلائی زون کو جاننا آپ کے منصوبے کا حصہ ہے۔

- اگر آپ شہر کے سمندری طوفان کے انخلائی زون میں سے کسی ایک میں رہتے ہیں، تو آپ نیویارک کو سٹی میں سمندری طوفان کے خطرے کی صورت میں وہاں سے نکلنے کا حکم دیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کے علاقے کے لیے انخلاء کا حکم جاری کیا جاتا ہے تو آپ کے پاس ایک منصوبہ ہوناچاہیے کہ اس صورت میں کہاں جانا ہے۔
- سمندری طوفان کے راستے اور ممکنہ طوفان کے پیش نظر شہری انتظامیہ باشندوں کو انخلاء کا حکم دے سکتی ہے۔
- اس بات کا تعین کریں کہ آیا آپ انخلاء کے علاقے میں رہتے ہیں۔ **NYC.GOV/KNOWYOURZONE** پر Hurricane Evacuation Zone Finder کا استعمال کرتے ہوئے، **311 پر کال کر کے (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا TTY: 212-504-4115)** یا منسلک نقشے سے مدد لیں

**ای میل، فون، ایس ایم ایس/ٹیکسٹ یا ٹویٹر کے ذریعے ہنگامی اطلاعات اور تازہ معلومات حاصل کرنے کے لیے NOTIFY NYC کے لیے سائن اپ کیجئے۔**

- یہ پیغامات انگریزی، عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیتی کریول، اطالوی، کورین، پولش، روسی، ہسپانوی، اردو، یدش اور امریکی اشاروں کی زبان (ASL) میں دستیاب ہیں۔
- مفت موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔
- **NYC.GOV/NOTIFYNYC پر جائیں، 311** پر کال کریں، یا **@NotifyNYC** کو ٹویٹر پر فالو کریں۔
- NYC.gov/knowyourzone پر ہری کین سے انخلاء والے علاقوں کا تلاش کار (ہری کین زون فائنڈر)کا استعمال کر **کے یا، 311 (212-639-9675 ویڈیوریلے سروس کے لئے، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) پر کال کرکے یا اس نقشے پر غور کرکے تعین کر لیں** کہ آیا آپ ہری کین سے انخلاء کے حلقے میں رہتے ہیں یا نہیں

# آپ کو کونسی اصطلاحات سے واقف ہونا چاہئیے

**اٹلانٹک ہریکین کا موسم** 1 جون سے 30 نومبر تک۔

نیو یارک شہر میں سمندری طوفان آنے کا سب سے زیادہ امکان اگست سے اکتوبر تک ہوتا ہے۔

**انخلائی زونز** سٹی اس بات کا تعین کرے گا کہ طوفان کے شہر کے قریب آتے ہی اس کی خصوصیات کی بنیاد پر سمندری طوفان کے انخلاء کے چھ علاقوں میں سے کون سا خالی کیا جانا چاہیے۔

**فلڈ زون** فلڈ زونز کا استعمال سیلاب کی بیمہ کی شرح اور عمارت کے ضوابط طے کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ رہائشیوں کو سمندری طوفان کے دوران انخلاء کی ضرورت کا تعین کرنے کے لیے فلڈ زونز کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

**سمندری طوفان** بادلوں اور گرج چمک کا ایک منظم، گھومنے والا، کم دباؤ والا موسمی نظام جو ٹراپیکل علاقوں میں 74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ کی مسلسل ہواؤں کے ساتھ تیار ہوتا ہے۔ سمندری طوفانوں کی درجہ بندی 1 سے 5 درمیان کی گئی ہے جو کہ سمندری طوفان کی مسلسل ہوا کی رفتار کے مطابق ہے۔ جیسے جیسے ہوا کی رفتار اور طوفان کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے، طوفان کی درجہ بندی اضافہ ہوتا ہے۔

**سمندری طوفان واچ** ایک اعلان ہے کہ سمندری طوفان والے حالات مخصوص علاقے میں ممکن ہیں۔

ہواؤں کے طوفانی قوت اختیار کرنے کے امکان سے 48 گھنٹے پہلے واچ جاری کیا جاتا ہے۔

**سمندری طوفان وارننگ** ایک اعلان ہے کہ سمندری طوفان والے حالات مخصوص علاقے میں متوقع ہیں۔

یہ وارننگ متوقع ٹراپیکل طوفان کی طاقتور ہواؤں کے چلنے سے 36 گھنٹے قبل جاری کی جاتی ہے اور خطرناک حد تک اونچے پانی اور لہریں جاری رہنے پر اس کا نفاذ ہو سکتا ہے۔



# اگر آپ کو لازما انخلاء کرنا ہے

**اگر آپ انخلائی زون کے اندر رہتے ہیں اور شہری انتظامیہ آپ کے علاقے کے لیے انخلاء کا حکم جاری کرتا ہے،تو ہدایت کے مطابق خالی کریں۔**

سٹی انتظامیہ اس بارے میں خصوصی ہدایات جاری کرے گا کہ شہر کے کن علاقوں کو خالی کرنا چاہئیے۔ اگر آپ کے علاقے کے لیے لازمی انخلاء کی ہدایت جاری کی گئی ہے، تو ہدایت کے مطابق علاقہ خالی کریں۔ اگر ممکن ہو تو پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں، اس بات کو ذہن میں رکھیئے کہ طوفان سے کئی گھنٹوں قبل پبلک ٹرانسپورٹ بند ہو سکتی ہے۔

نقل و حمل کے قابل رسائی انتخابات سمیت انخلاء کے طریقہ کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے، **براہ کرم 311 (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس TTY: 212-504-4115) سے رابطہ کریں۔**

## معلوم ہونا چاہئے کہ آپ کو کہاں جانا ہے

شہری انتظامیہ انخلاء کرنے والوں کو انخلائی زونز سے باہررہنے والے دوستوں اور خاندان والوں کے ساتھ رہنے کی پرزور سفارش کرتی ہے۔ جن افراد کے پاس کوئی پناہ کی جگہ نہیں، ان کے لیے شہری انتظامیہ پانچوں بوروز میں پناہ کے مراکز کھولے گی۔

ہر کسی کی ضروریات کے لیے ابھی منصوبہ بنائیں، بشمول بوڑھے بالغ، معذور افراد، رسائی اور کام کی ضروریات، بچے، غیر انگریزی بولنے والے، اور پالتو جانور اور خدمت کرنے والے جانور۔ اپنے زون کو جانیں اور گھر کے تمام اراکین کے ساتھ اپنے منصوبے پر عمل کریں۔

**اگر آپ کسی انخلائی مرکز میں جا رہے ہیں، تو ہلکا پھلکا سامان باندھیں، اور مندرجہ ذیل سامان اپنے ساتھ لائیں:**

- خاندان کے ہر فرد کے لیے ایک تیار بیگ تیار بیگ (اشیاء کی مکمل فہرست ریڈی NY مائی ایمرجنسی پلان میں مل سکتی ہے)۔
- کسی بھی دوا کی کم از کم ایک ہفتے کی خوراک (اگر ممکن ہو)۔
- طبی سامان، یا طبی آلات جن کا آپ باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں۔
- ہر شخص کے لیے سلیپنگ بیگ۔
- تمام انخلاء کرنے والوں کو کسی بھی انخلائی مرکز میں قبول کیا جائے گا۔ انخلاء کرنے والوں سے ان کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

## اپنا زون جانیں




ویب سائٹ /https://maps.nyc.gov/hurricane پر سمندری طوفان انخلائی زون فائنڈر (Hurricane Evacuation Zone Finder) پر جائیں، یا 311 (212-639-9675 پر ویڈیو ریلے سروس کےلیے کال کریں، یا TTY: 212-504-4115 پر) معلوم کریں کہ آپ سمندری طوفان کے کون سے انخلائی زون میں رہتے ہیں۔

# اگر آپ کو انخلاء کے لیے حکم نہیں دیا گیا

**اگر آپ اس نقشے پر درج چھ انخلائی زونز میں سے کسی ایک میں بھی نہیں رہتے ہیں، تب بھی آپ کو آندھی اور بارش سے خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔**

### بجلی کے جانے کے لیے تیار رہیں

بجلی جانے یا دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہونے کی صورت میں یقینی بنائیں کہ آپ کے ایمرجنسی سپلائی کٹ میں تجویز کردہ تمام اشیاء موجود ہیں۔

### جہاں ہیں وہیں پناہ لیں

اگر آپ کو انخلاء کی ضرورت نہ پڑے، تو جہاں ہیں وہیں پناہ لیں اور اپنی ایمرجنسی سپلائی کٹ کو استعمال میں لائیں۔ کھڑکیوں سے دور رہیں۔

# اگر طوفان آتا ہے

**تمام رہائشیوں کو تیار رہنے کے لیے درج ذیل اقدامات کرنے چاہئیں:**

- کھلی پڑی، ہلکی پھلکی اشیاء، جیسے کہ لان کا فرنیچر اور کوڑے کے ڈبے اندر لائیے۔
- ایسی اشیاء کو باندھ لیں جنھیں اندر لانا غیر محفوظ ہیں، جیسے کہ گیس گرلز یا پروپین ٹینک۔
- کھڑکیاں اور باہر کے دروازے محفوظ طریقے سے بند کریں۔
- قیمتی سامان کو بیسمنٹ سے اوپر والی منزلوں میں منتقل کر دیں۔ (تہہ خانے سیلاب میں غیرمحفوظ ہیں۔)
- سیل فون کی بیٹری کو چارج کریں۔
- اپنی گاڑی اور جنریٹرمیں ایندھن پورا بھر لیں۔
- اگر آپ انخلائی زون میں رہتے ہیں تو اپنی گاڑی کو اونچی جگہ پر لے جانے پر غور کریں۔
- اپنے فرج اور فریزر کو نسبتا زیادہ ٹھنڈی سیٹنگ پر رکھیں۔ بجلی جانے کی صورت میں جن چیزوں کو ریفریجریشن کی ضرورت ہوتی ہے وہ طویل مدت کے لئے ٹھنڈے رہیں گے۔
- اپنے باتھ ٹب اور دوسرے بڑے کنٹینرز کو پانی سے بھریں — اگر بجلی چلی جاتی ہے تو آپ پانی کی سروس سے محروم ہو سکتے ہیں۔
- نسخے کی دوائیں دوبارہ بھروانے کے لیے آخری منٹ تک انتظار نہ کریں۔
- بشمول چھوٹی نقدی، اضافی نقد رقم نکلوا لیں۔

# کیا آپ کے پاس صحیح انشورنس ہے

**چاہے آپ کا اپنا گھر ہویا آپ کا گھر کرایے پر ہو، بنیادی پالیسی میں سیلاب اور ہوا سے ہونے والے نقصان کی ضمانت شامل نہیں ہے۔**

- فلڈ انشورنس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: **https://www.floodsmart.gov**
- فلڈ زونز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: **NYC.GOV/FLOODMAPS یا www.floodhelpny.org**

## گھر کے مالکان

زیادہ ترمالکان کے بیمہ/انش ورنس سیلاب کے نقصان کو پورا نہیں کرتے ہیں۔

- گھر کے مالکان کو سیلاب کی صورت میں اپنے گھر کی حفاظت کے لیے ایک علیحدہ بیمہ پالیسی خریدنے کی ضرورت ہے۔
- کچھ مکان مالکان کو فلڈ انشورنس درکار ہے۔

## کرایہ دار

ایسا ممکن ہے کہ آپ کے مالک مکان کے پاس فلڈ انشورنس ہے جس میں عمارت توشامل ہے، لیکن کرایہ دار کے اپارٹمنٹ کی اشیاء نہیں۔

- نیشنل فلڈ انشورنس پروگرام صرف اشیاء کے لیے فلڈ انشورنس پیش کرتا ہے تاکہ کرایہ داروں کو ان کے اپارٹمنٹ کے اندر موجود اشیاء کی حفاظت میں مدد ملے۔

# معذوری، رسائی، یا فنکشنل ضروریات والے لوگوں کے لیے

اپنے منصوبے کی تیاری کے دوران اپنے انخلا، اپنی عمارت میں ایلویٹر کے استعمال، پناہ کے قیام، اور ہنگامی کارکنان کے ساتھ رابطے پر ضرور غور کریں۔

- اگر آپ کو مدد درکار ہوگی تو خاندان، دوستوں، عمارت کے عملے، یا سروس فراہم کرنے والوں سے مدد کا بندوبست کرنے کے لیے اپنے ہنگامی/ایمرجنسی امدادی نیٹ ورک کا استعمال کریں۔
- اگر آپ طوفان سے پہلے اپنے طور پر انخلاء سے قاصر ہیں تو، **311 پر کال کریں یا ٹیکسٹ کریں مدد کے لیے۔**
- اگر آپ زندگی برقرار رکھنے والے آلات کے لیے بجلی پر انحصار کرتے ہیں، تو انخلاء کا منصوبہ بنائیں۔ اپنی یوٹیلیٹی کمپنی سے معلوم کریں کہ کیا آپ اپنے طبی آلات کی وجہ سے زندگی بچانے والے آلات کے کسٹومر کے زمرے میں آتے ہیں۔
- اضافی سفر کے وقت کی گنجائش رکھیں اور اپنی نقل و حمل، خوراک اور طبی ضروریات ذہن میں رکھیں۔
- تمام ادویات اپنے ساتھ لائیں اور اپنے صحت فراہم کرنے والوں سے رابطہ کی معلومات لکھ کر رکھیں۔ انخلاء کے مراکز میں معذور افراد کے لیے قابل رسائی سہولیات اور رہائش، رسائی اور فعال ضروریات شامل ہیں۔ کسی خاص سہولت کے قابل رسائی خصوصیات کے بارے میں معلومات کے لیے، **NYC.GOV/KNOWYOURZONE پر سمندری طوفان زون فائنڈر (Hurricane Evacuation Zone Finder) سے رجوع کریں یا 311** پر رابطہ کریں۔

### خطرات کو جانیئے

# طوفانی موج سے سیلاب

طوفانی موجیں سمندری پانی کا ایک گنبد ہے جو آنے والے سمندری طوفان کی ہواؤں کی طاقت سے ساحل پر دھکیل دیا جاتا ہے۔

- طوفانی موجیں سمندری طوفان کے باعث ہونے والی اموات کا سب سے بڑا سبب ہیں۔
- ایک بڑا ہریکین 30 فٹ(تین منزلہ عمارت کی اونچائی) سے زیادہ طوفانی موج کو نیو یارک سٹی کی ساحلی پٹی پر دھکیل سکتا ہے اور طوفانی موج سے آنے والا سیلاب کئی میل تک اندرنی علاقوں میں سفر کر سکتا ہے۔
- طوفانی موج میں اضافے کا سیلاب اور بڑی تیز لہریں زندگیوں کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں، عمارتوں کو تباہ کر سکتی ہیں، ساحلوں اور ٹیلوں کو تباہ کر سکتی ہیں اور سڑکوں اور پلوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

## بارش

سمندری طوفان سے ہونے والی تیز بارشیں سیلاب کا باعث بن سکتی ہیں۔ نشیبی اور ناقص نکاسی آب والے علاقے خاص طور پر سیلاب کے خطرے سے دوچار ہیں۔

## ہوا

74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ کی رفتار سے چلنے والی متسلسل ہواؤں کے ساتھ، ہریکین عمارتوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے، درختوں کو گرا سکتا ہے، اور کھلی ہوئی غیرمحفوظ اشیاء کو جان لیوا ہتھیار بنا سکتے ہیں۔

## تہ خانے (بیسمینٹ) والے اپارٹمنٹس

- تہ خانے کے رہائشیوں کو سمندری طوفان سے اضافی خطرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے چاہے وہ انخلائی علاقوں سے باہر ہی کیوں نہ ہوں۔ شہر کے بہت سے علاقوں میں سمندری طوفان کے دوران زیادہ بارش سے سیلاب کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جو کہ تہ خانے کے اپارٹمنٹس میں لوگوں کے لیے بڑا خطرہ بن سکتا ہے۔
- اگر آپ تہ خانے کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں تو طوفان کی تمام اعلانات پر دھیان دیں، اور یقینی بنائیں کہ آپ کے ہنگامی/ایمرجنسی منصوبے میں یہ شامل ہے کہ آپ زمین کی بالائی سطح پر کیسے پناہ لیں گے۔
- اگرآپ انخلائی زون میں تہ خانے میں رہتے ہیں تو طوفان کی تمام اعلانات اور انخلاء کے احکامات پر دھیان دیں۔

## بلندوبالا عمارات

- اونچی عمارتوں کے رہائشیوں کو ہریکینز کے اضافی خطرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے چاہے وہ انخلائی زونز کے حدود سے باہر ہی کیوں نہ رہتے ہوں۔
- اگر آپ اونچی عمارت میں رہتے ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ کے اپارٹمنٹ کی کھڑکیاں بند ہیں، اور اگر وہ ٹوٹ جائیں یا ٹوٹ کربکھر جائیں توان کھڑکیوں سے دور رہیں۔
- اگر آپ انخلائی زون میں واقع ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں، تو طوفان کی تمام اعلانات اور انخلاء کے احکامات پر دھیان دیں۔

# نیو یارک شہر کے
# سمندری طوفان سے انخلائی حلقے (زون)

### این وائے سی انخلائی مراکز: اپنا نزدیک ترین مرکز نقشے پر دریافت کریں

## BRONX

| | | |
|---|---|---|
| **PS 15 / INST FOR ENV LEARNING**<br>2195 ANDREWS AVE. | **PS 132 GARRET A. MORGAN**<br>1245 WASHINGTON AVE. | **PS 102 JOSEPH O. LORETAN**<br>1827 ARCHER ST. |
| **MS / HS 141 RIVERDALE KINGSBRIDGE ACADEMY**<br>660 W 237 ST. | **PS / IS 218 HERNANDEZ DUAL LANGUAGE MAGNET**<br>1220 GERARD AVE. | **MORRIS HEIGHTS EDUCATIONAL COMPLEX**<br>1780 DR. MARTIN LUTHER KING JR. BLVD |
| **OLD IS 158**<br>800 HOME ST. | **PS 211**<br>1919 PROSPECT AVE. | **OLD IS / HS 362**<br>921 E 228 ST. |
| **OLD WALTON HS**<br>2780 RESERVOIR AVE. | **HUNTS POINT SCHOOL**<br>730 BRYANT AVE. | **JHS 166 ROBERTO CLEMENTE**<br>250 E 164 ST. |

## MANHATTAN

| | | |
|---|---|---|
| **PS 8 LUIS BELLIARD**<br>465 W 167 ST. | **PS 128 AUDUBON**<br>560 W 169 ST. | **PS / IS 210 21ST CENTURY ACADEMY**<br>501-503 W 152 ST. |
| **PS 92 / MARY MCLEOD BETHUNE**<br>222 W. 134TH ST. | **MIDTOWN EAST CAMPUS**<br>233 E. 56TH ST. | **NORMAN THOMAS HS**<br>111 E 33 STREET |
| **PS 189**<br>2580 AMSTERDAM AVE. | **OLD V LUTHER KING H.S.**<br>122 AMSTERDAM AVE. | |
| **MS 131**<br>100 HESTER ST. | **OLD BRANDEIS HS**<br>145 W. 84TH ST. | |

## QUEENS

| | | |
|---|---|---|
| **AVIATION CTE HS**<br>45-30 36TH ST. | **JHS 185 EDWARD BLEEKER**<br>147-26 25TH DR | **PS 307 PIONEER ACADEMY**<br>40-20 100TH ST. |
| **JHS 190 RUSSELL SAGE**<br>68-17 AUSTIN ST. | **IS 25 ADRIEN BLOCK**<br>34-65 192 ST. | **PS 58 SCHOOL OF HEROES**<br>72-24 GRAND AVE. |
| **FRANK SINATRA HS**<br>35-12 35TH AVE. | **METROPOLITAN AVENUE CAMPUS**<br>91-30 METROPOLITAN AVE. | **QUEENS HS OF TEACHING**<br>74-20 COMMONWEALTH BLVD. |
| **GROVER CLEVELAND HS**<br>21-27 HIMROD ST. | **PS 69 JACKSON HEIGHTS**<br>77-02 37 AVE. | **JHS 74 NATHANIEL HAWTHORNE**<br>61-15 OCEANIA ST |
| **TOWNSEND HARRIS HS**<br>149-11 MELBOURNE AVE. | **PS / IS 268**<br>92-07 175TH ST. | **HILLCREST HS**<br>160-05 HIGHLAND AVE. |

## BROOKLYN

| | | |
|---|---|---|
| **ADAMS STREET EDUCATIONAL CAMPUS**<br>283 ADAMS ST. | **IS 30 MARY WHITE OVINGTON**<br>7002 4TH AVE. | **BUSHWICK EDUCATIONAL CAMPUS**<br>400 IRVING AVE. |
| **MEDGAR EVERS COLLEGE PREP**<br>1186 CARROLL STREET | **MS 2 PARKSIDE PREP**<br>655 PARKSIDE AVE. | **PS 289 GEORGE V. BROWER**<br>900 ST. MARKS AVE. |
| **IS 383 PHILIPPA SCHUYLER**<br>1300 GREENE AVE. | **PS 226 ALFRED DE B. MASON**<br>6006 23RD AVE. | **JHS 88 PETER ROUGET**<br>544 7TH AVE. |
| **JHS 259 WILLIAM MCKINLEY**<br>7305 FT HAMILTON PKWY | **PS 12 PEEKS-DAVIS**<br>430 HOWARD AVE. | **PS 7 ABRAHAM LINCOLN**<br>858 JAMAICA AVE. |
| **OLD IS 324**<br>800 GATES AVE. | **OLD IS 55**<br>2021 BERGEN ST. | **PS 24**<br>427 38TH ST. |
| **PS 321 WILLIAM PENN**<br>180 7TH AVE. | **PS 26 JESSE OWENS**<br>1014 LAFAYETTE AVE. | **PS 6**<br>43 SNYDER AVE. |

## STATEN ISLAND

| | | |
|---|---|---|
| **P.S. 56 LOUIS DESARIO**<br>250 KRAMER AVE. | **IS 51 EDWIN MARKHAM**<br>20 HOUSTON ST. | **CURTIS HS**<br>105 HAMILTON AVENUE |
| **PS 58 SPACE SHUTTLE COLUMBIA**<br>77 MARSH AVE. | **MICHAEL J. PETRIDES**<br>715 OCEAN TERRACE | |

وہیل چیئر رسائی والا انخلا مرکز

### سمندری طوفان سےانخلائی حلقے (زون)

جب ساحلی طوفان قریب آ رہا ہو، تو شہری انتظامیہ طوفانی موج سے آنے والے سیلاب کے خطرے میں پڑوسی علاقوں کو خالی کرنے کا حکم دے سکتی ہے، زون 1 سے شروع ہو کر ضرورت کے مطابق مزید زونز کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

پیشن گوئی کے مطابق سمندری طوفان کی طوفانی موج کی شدت، قوت اور راستے کی وجہ سے زندگی کو لاحق خطرات کی بنیاد پر حلقے خالی کئے جائیں گے۔

منسلک نقشہ استعمال کریں، **NYC.GOV/KNOWYOURZONE** ملاحظہ **کریں یا 311** پر کال کریں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ سمندری طوفان کے انخلا والے حلقے میں رہتے ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زون 6 | زون 5 | زون 4 | زون 3 | زون 2 | زون 1 |

